© rasailojaraid.com



کے تحت ۲۳ شر پسند قادیانیوں کے خلاف مقدمہ درج کیا جاتا اور انھیں سزا دی جاتی تا کہ تعلیمی اداروں میں آئندہ کوئی ایسی حرکت کا مرتکب نہ ہوتا اور ان کے اخراج کے فیصلے کو برقرار رکھا جاتا۔ ایسے اقدامات کیے گئے جن سے منکرین ختم نبوت کی حوصلہ افزائی ہوا اور مسلمانوں خصوصاً دینی حلقوں میں اشتعال بڑھے۔ مثال کے طور پر گورنر پنجاب کے ملکیتی اخبار میں اس مسئلہ پر قادیانی عناصر کی حوصلہ افزائی اور مسلمانوں کی حوصلہ شکنی کی گئی۔ ملاحظہ فرمائیے:

''ان مذہبی انتہا پسندوں کو سزا دینے کی بجائے الٹا احمدی طلبہ وطالبات کو کالج سے خارج کر دیا گیا۔''

(روزنامہ ''آج کل'' لاہور، ۱۴ر جون ۲۰۰۸ء)

اس صورت حال کے پیش نظر دینی حلقوں کے متعدد اجلاس منعقد ہوئے اور ''کل جماعتی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت'' کے مشترکہ پلیٹ فارم کا احیاء ہوا۔ تاجر برادری بھی بھرپور تعاون کر رہی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی حکومت خصوصاً گورنر پنجاب کی منکرین ختم نبوت کو غیر قانونی تحفظ فراہم کرنے جیسی سازشیں بے نقاب ہو چکی ہیں۔ قادیانیوں کے خلاف تمام ثبوت چھپائے جا رہے ہیں یا ختم کیے جا رہے ہیں۔ گورنر پنجاب نے صوبے کو پیپلز پارٹی کا قلعہ بنانے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ ہم یہ عرض کریں گے کہ گورنر ہاؤس کو قادیانیت کی آماجگاہ نہ بنایا جائے۔ بات میڈیکل کالج کے احاطے سے نکل کر سڑکوں پر آ گئی ہے۔ صوبائی حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں ورنہ دوسرے شہر بھی اس کی لپیٹ میں آ جائیں گے۔

ان سطور کے ذریعے ہم صوبائی حکومت اور کالج انتظامیہ سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ٹھنڈے دل سے معاملے کا بادی النظر میں جائزہ لیں اور زمینی حقائق کو نظر انداز کرنے کی پالیسی ترک کر دیں ورنہ خدشہ ہے کہ کشیدگی بڑھ نہ جائے۔

تمام مکاتبِ فکر یک جان ہو کر یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد کے داخلہ فارموں میں اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرنے، امتناعِ قادیانیت ایکٹ کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرنے، ختم نبوت والے اشتہار کو پھاڑ کر بے حرمتی کرنے، کالج قوانین سے انحراف کرنے اور ارتداد پھیلانے والے قادیانی طلبہ وطالبات کے اخراج کے فیصلے کو ہر حال میں بحال و برقرار رکھا جائے اور قانون کے مطابق ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## قادیانی خلافت اور ہماری ذمہ داریاں:

مرزا قادیانی ۲۶ رمئی ۱۹۰۸ء کو آنجہانی ہوا۔ چنانچہ ۲۰۰۸ء کو ایک صدی ہونے پر قادیانی جماعت نے ''جشن صد سالہ خلافت'' کے عنوان پر دنیا کو ایک بار پھر دھوکہ دینے کی موہوم کوشش کی۔ ۲۶ تا ۲۸ رمئی ۲۰۰۸ء کو زیادہ اہتمام کے ساتھ قادیانی تقریبات واجتماعات بری طرح ناکام ہوئے اور قادیانی نامراد۔ مجلس احرار اسلام، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اور انٹرنیشنل ختم نبوت کے علاوہ جمعیت اہلحدیث اور جمعیت علماء پاکستان نے ملک بھر میں اس مناسبت سے اجتماعات وسیمینارز منعقد کر کے پوری دنیا پر واضح کر دیا کہ مسلمانوں کے کسی ایک طبقے نے بھی قادیانیوں کو امتِ مسلمہ کا حصہ تسلیم نہیں کیا اور نہ ہی کریں گے۔ اس لیے قادیانیوں کو اس بات پر غور کر لینا چاہیے کہ وہ مزید کتنی دیر اسلام کا ٹائٹل استعمال



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کر کے دنیا کو دھوکہ دینے میں اپنا وقت ضائع کرتے رہیں گے۔

ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' کے گزشتہ شمارے کو ''محاسبۂ قادیانیت'' کے نام سے موسوم کیا گیا، جب کہ انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کی جانب سے اس موقع پر ''تحفظ ختم نبوت کی صد سالہ تاریخ'' پر ضخیم کتاب اور دیگر لٹریچر شائع کر کے قادیانیت کی ناکامیوں کی روداد بھی مرتب کر دی گئی ہے۔ جو ہمارے فاضل مہربان مولانا مشتاق احمد چنیوٹی نے ترتیب دی ہے۔ ماشاء اللہ۔ مصنفین اور مقررین نے عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کا حق ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ انڈونیشیا کی حکومت نے قادیانیوں کی خلاف اسلام سرگرمیوں پر پابندی کا قانون پاس کرلیا ہے۔ مصر میں قادیانی ٹی وی چینل (M.T.A) کی نشریات بند کر دی گئی ہیں۔ گویا قادیانیوں کو دنیا میں ہر جگہ پسپائی اختیار کرنا پڑ رہی ہے۔ اس حوالے سے آپ اور ہم سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ دنیا کے بدلتے ہوئے حالات کو ملحوظ رکھ کر ہم اپنی ترجیحات کا از سر نو جائزہ لیں اور نئے منظر کو سامنے رکھ کر اپنے اہداف مقرر کریں کہ لڑائی اور جنگ کے ہتھیار اور مورچے یکسر تبدیل ہو گئے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم میڈیا اور انٹرنیشنل لابنگ کے محاذ خالی نہ چھوڑیں اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی اس نہج پر تربیت کریں کہ وہ آنے والے دنوں میں دین و ملک کے تحفظ کی جنگ غیرت و حمیت کے ساتھ لڑ سکیں اور فتنۂ ارتداد مرزائیہ کے استیصال کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔


الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501



علماء حق کا ترجمان
المیزان
ناشران و تاجرانِ کتب

دینی، تاریخی، سیاسی، ادبی اور اصلاحی کتابوں کا معیاری ادارہ

دینی مدارس کے طلباء کے لیے وفاق المدارس کا تمام نصاب سب سے زیادہ رعایتی قیمت پر

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-7122981-7212762




© rasailojaraid.com